# 37:سُوۡرَةُ الصَّافات

*Flow Chart* | *Macro Structure*

| | | |
|---|---|---|
| مکیہ | آیات: 182 | پیراگراف:5 |

**زمانۂ نزول:** **سُوۡرَةُ الصَّافات؛** سورت (الصفت) غالباً رسول اللہ ﷺ کے قیام مکّہ کے تیسرے دور (6 نبوی–10 نبوی) کے آخری مرحلے میں نازل ہوئی۔ یہ وہی زمانہ تھا جب سورۂ (فاطر) اور سورۂ (یس) نازل کی گئی، جب مشرکین مکّہ، جو فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں سمجھتے تھے، رسول اللہ ﷺ کی دعوت توحید کو مسترد کرکے ان کا مذاق اُڑا رہے تھے۔ آپ کو (ساحر) کہہ رہے تھے اور یہ کہنے لگے تھے کہ ایک (شاعر مجنون) کے لئے ہم اپنے (آلھتہ) کو کیسے چھوڑ سکتے ہیں، اور منصب رسالت محمدی ﷺ کو سمجھنے کی دعوت دی گئی ہے، تاکہ وہ بھی خالص توحید اختیار کرلیں۔

**پیراگراف 1، آیات 1-74**

توحید و رسالت و آخرت کے مؤمنین و منکرین کا انجام

**پیراگراف: 2**

**آیات 75-148**

مخلص، مؤمن انبیاء کی خدمات پر خراجِ تحسین

**پیراگراف 3**

**آیات 149 - 166**

فرشتے اللہ کی اولاد نہیں

**پیراگراف 4**

**آیات 167 - 179**

رسول اللہ ﷺ کو ہدایات، تسلی اور بشارت

**پیراگراف :5 آیات 180 - 182**

خلاصہ

**مرکزی مضمون:**

**فرشتے اللہ کی بیٹیاں نہیں، بلکہ صف بستہ خادم اور تسبیح خواں ہیں۔ تمام انبیاء اور رسول مخلص، مومن اور محسن تھے۔ اثباتِ توحیدِ خالص اور اثباتِ آخرت کے لیے ان کی خدمات کو خراجِ تحسین، خالص توحید اختیار کرنے کی دعوت**